الجامعة البنورية العالمية

متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ کراچی پاکستان

دار الافتاء والقضاء

ای میل: darulifta@gmail.com ویب سائٹ: www.jamiabinoria.net فون: 2560300-2560400 فیکس: 2564586


Name :> **khalid jamal** | Serial No :> **10742**

Address :> **Karachi , Pakistan** | Fatwa No :>

Subject :> **NIKAH** | Date :> **1/24/2011**

Writer :> بلال معاویہ | Email :>

Aslam-o-Elikum Janab Mufti shahib mujhe aik zaroori masla puchna he go ke ye masla kafi common he but mujhe apne situation ke mutabiq fatwah de ke mujhe kia kerna chahi ,
me apne two sister and parents ke sath rehta ho sister mujhe chooti he wo dono un married he meri age 31 years he, mere parents ne meri shadi apni merzi se kerwai aik jagha acha rishta dekh ker larki ne Masters kai hua he computer science me , main ne bhi Master's kai hua he computer science main, shadi ke kuch dino bad se hi meri maa or waife ke dermian nook jhook shroo ho gayee me ne wif eko smjhaya phir masla dab gya but phir akser kise na kise baat per
wo dono narazgi ho jati  acha meri wife aik bar meri maa se face to face lari us ke bad meri skahati se mana kerne per wo aaj tak face to face nahi lari but us ke gher walo ne panchayat ke madad se mere gher wlao ko is baat per agree kerwa lia ke larki ka kitchen alaga kerwa de mere parents se ijaazat de di but meri maa ne socha tha ye temporory hua he normally sab khtum jaye ga acha aik baat or clear kerdo meri maa ko baate sunaya ki adaat he like wo meri maa he me her baat berdash ker leta ho
but meri wife ko tension ho jat he meri wife haamla he 5 months ke so doctor ne use tension wale maahol se door rekhen ko kaha he ab situatrion ye he ke meri wife mera puri terha khyal rakhi he her cheez mujhe waqat per milti he wo mujhe se bohat mohbat kerti he but mere gher walo ke sath nahi rehna chaahti , or meri maa mujhe se pagloo ke terha mohbat kerti he wo mujhe apne aap se door nahi kerna chathi me beri mushkil postion me ho kuch smajh me nahi ata ke kon sahi he meri wife mer herzarooryat puri kerti he mujhe us se koi shykayat naih he wo kafi deen dar he 5 times pray ke sath quran pak ki tilaawat or different ayaat bhi perhti he
me us ko bohat smajhya her terha se try ke ke wo mere gher walo ke sath mil ker rehe but us ne aik mufti sb se ye fatwha le lia he ke ager wife aap ke gher walo ke stah na rehna chahe tu husband ko us ko new gher le ker de  ab main kia kero mujhe ye batyee acha me apni family ke stah nagan me rehta ho mere parents ka aik gher orangi town me he jo hum ne rent per dya hua he mere father heyaat he or wo aik neeji privte idaare me mulazmat kerte he, ab aap mujhe ye batayee ke in halat me mujhe kia kerna chahi me kis ka sath do me apne parents ke nafarmani nahi kerna chatah or me apni wife se bhi bohat mohbat kerta ho meri maa kehti he ke tum apni wife ko choor do or hume dekho
mujhe per meri two sister ki shadi ke responsiabilty he mufthi sb mujhe Alla ka wasta sahi guid kere
main bohat pershan ho main kai kero

اپنی دو بہنوں اور والدین کے ساتھ رہتا ہوں۔ میری بہنیں مجھ سے چھوٹی اور غیر شادی
جگہ اچھا رشتہ دیکھ کر اپنی مرضی وخوشی سے میری شادی کی۔ لڑکی نے ماسٹرز کی ہوئی
اسی شعبہ میں ماسٹرز کی ہوئی ہے۔ شادی کے چند دن بعد ہی میری والدہ اور بیوی کے
اور یہ سلسلہ چلتا رہتا ہے۔ اور ایک دفعہ تو ان کی آپس میں سخت لڑائی ہوئی۔ اور پھر
کی مدد سے میرے گھر والوں کو اس بات پر آمادہ کرایا کہ لڑکی کا کچن الگ کرا دو
سوچا کہ یہ تو بس عارضی ہوگا سب کچھ ختم ہو جائے گا۔ اب میری ماں کو باتیں سنانے کی عادت
سب کچھ برداشت کر لیتا ہوں مگر میری بیوی کو ٹینشن ہو جاتی ہے۔ وہ 5 ماہ
س والے ماحول سے دور رکھنے کی ہدایت کی ہے۔

(جاری ہے)

مسئلہ بتائیں کہ مجھے کیا کرنا چاہیئے۔ میں
شدہ ہیں۔ میرے والدین نے ایک جگہ
ہے کمپیوٹر سائنس میں۔ اور میں نے بھی
کے درمیان نوک جھونک شروع ہو گئی
میرے سسرال والوں نے پنچائیت
میرے والدین راضی ہو گئے۔ انہوں نے
ہے وہ میری ماں ہے اس لیے میں
سے حاملہ بھی ہے ڈاکٹر نے اسکو ٹینشن


سے حاملہ بھی ہے ڈاکٹر
والے ماحول سے دور رکھنے کی ہدایت کی ہے۔
(جاری ہے)

اب صورتحال اس طرح ہے کہ میری بیوی میرا ہر طرح سے خیال رکھتی ہے ہم ایک دوسرے کو بہت چاہتے ہیں مگر وہ اب مزید میرے گھر والوں کے ساتھ نہیں رہنا چاہتی جبکہ میری ماں بھی مجھے پاگلوں کی طرح محبت کرتی ہے وہ مجھے اپنے سے دور نہیں کر سکتی۔ میں بڑی مشکل صورتحال میں پھنس گیا ہوں مجھے سمجھ نہیں آتا کہ کیا کروں؟

اور میری بیوی نے کسی مفتی صاحب سے فتویٰ بھی لیا ہے کہ اگر بیوی خاوند کے گھر والوں کے ساتھ نہ رہنا چاہے تو خاوند اُس کو الگ گھر لے کر دے۔ اس صورتحال میں مجھے کیا کرنا چاہیئے؟ ماں کہتی ہے کہ ہمارے پاس رہو اور بیوی کو چھوڑ دو اور میں بیوی سے بہت محبت کرتا ہوں۔ اور والدین کی نافرمانی بھی نہیں کرنا چاہتا۔ برائے مہربانی آپ مجھے صحیح صورتحال سے آگاہ کریں کہ مجھے کیا کرنا چاہیئے۔ آپ کو اللہ کا واسطہ۔

## الجواب حامداً ومصلیاً

واضح ہو کہ جس طرح والدہ کا رتبہ بہت بلند اور ان کے حقوق بہت زیادہ ہیں، والدہ کے قدموں میں ہی جنت بتلائی گئی ہے، ان کے حقوق میں کوتاہی دنیا و آخرت کی بربادی کا ذریعہ ہے۔ اس لیے سائل کو چاہیئے کہ حتی المقدور والدہ کی خدمت کو سعادت سمجھ کر کرتا رہے۔ اسی طرح بیوی کے بھی حقوق ہیں جن کی ادائیگی اور خیال و لحاظ رکھنا بھی شوہر کی ذمہ داری ہے ان میں کوتاہی بھی مؤاخذۂ اخروی کا سبب ہے۔

لہذا سائل کی بیوی اگر سائل اور اس کے والدین کے ادب و احترام اور اُن کے حقوق کی ادائیگی کا خیال رکھتی ہو، نماز، روزے کی بھی پابند ہو تو ایسی صورت میں سائل کی والدہ کا سائل سے اس کی طلاق کا مطالبہ قطعاً درست نہیں اور نہ ہی ایسی صورت میں اسے طلاق دینا جائز ہے اس لیے سائل کی والدہ کو چاہیئے کہ اپنی بہو پر بیٹیوں جیسی نظر رکھے اور اس کے ساتھ مشفقانہ رویہ اپنائے تاکہ مؤاخذۂ اخروی سے سبکدوشی ہو سکے۔

اور اگر اس سب کے باوجود ان دونوں کا ایک گھر میں رہنا ناممکن ہو تو ایسی صورتِ حال میں سائل کو چاہیئے کہ الگ کرایہ کا مکان لے کر اپنی بیوی کو وہاں رکھے اور اس کے ساتھ ساتھ والدین کے حقوق اور اُن کی خدمت میں بھی کوتاہی نہ آنے دے۔

(جاری ہے)

کما قال اللہ تعالیٰ: ووصینا الانسان بوالدیہ احساناً، الآیۃ (الاحقاف: ۱۵)۔

وفی المشکوۃ: عن أبی ھریرۃ قال قال رجل یارسول اللہ من احق بحسن صحابتی قال امک قال ثم من قال امک قال ثم من قال امک قال ثم من قال ابوک وفی روایۃ قال امک ثم امک ثم امک ثم اباک ثم ادناک ثم ادناک متفق علیہ (ص۴۱۸)۔

وفی الشامیۃ: (وکذا تجب لھا السکنی فی بیت خال عن أھلہ وأھلھا بقدر حالھما) کطعام وکسوۃ وبیت منفرد من دار لہ غلق الخ (۳/۵۹۹) — واللہ تعالیٰ اعلم

محمد بلال معاویہ

دار الافتاء جامعہ بنوریہ عالمیہ کراچی ۱۲

۲۱ ربیع الثانی ۱۴۳۲ھ

الجواب صحیح
عبداللہ [illegible]
دار الافتاء جامعہ بنوریہ
۲۵ ربیع الثانی ۱۴۳۲ھ

الجواب صحیح
[illegible]
دار الافتاء جامعہ بنوریہ
۲۳ ربیع الثانی ۱۴۳۲ھ

رئیس دار الافتاء جامعہ بنوریہ العالمیہ

نائب رئیس دار الافتاء جامعہ بنوریہ العالمیہ

دار الافتاء جامعہ بنوریہ العالمیہ سائٹ کراچی پاکستان
فتویٰ نمبر ۱۰۷۴۳
تاریخ ۱۴۳۲/۴/۲۹

4/4/2011